فئیر فیکس کاؤنٹی
خوراک اور مشروبات پر ٹیکس

میں خوراک اور مشروبات پر ٹیکس کس طرح جمع کرا سکتا ہوں؟

ماہانہ گوشوارے اور ادائیگی آن لائن کی جا سکتی ہے: fairfaxcounty.gov/taxes/business/foodandbeverage جا کر، یا کیو آر کوڈ اسکین کر کے نیچے دیا گیا بر وقت ادائیگی پر آپ فروخت کنندہ کی رعایت کے اہل ہو سکتے ہیں، بشرطیکہ ادائیگی کے وقت آپ کا اکاؤنٹ نادہندہ نہ ہو

کیا ہو گا اگر میں ماہانہ خوراک اور مشروبات پر ٹیکس جمع نہ کرا سکوں؟

اگر کوئی بیچنے واال مقررہ ماہانہ ٹیکس جمع کرنے اور جمع کروانے میں ناکام رہتا ہے تو اس پر جرمانے اور سودعائد کیے جائیں گے، اور وہ فروخت کنندہ کی رعایت کے لیے نااہل ہو جائے گا

تاخیر سے ادائیگی کی صورت میں، بقایا ٹیکس کی کل رقم پر 10٪ جرمانہ اور 5٪ سود سالانہ عائد کیا جائے گا

رابطے کی معلومات

مزید معلومات اور مخصوص کاروبار سے متعلق مثالوں کے لیے، براہ کرم فیرفیکس کاؤنٹی کے ٹیکس انتظامیہ کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں: fairfaxcounty.gov/taxes/business/foodandbeverage.

ہماری ٹیم کے کسی رکن سے بات کرنے کے لیے، براہ کرم 703-222-8234 پر کال کریں، آپشن 4 منتخب کریں [TTY 711] یا ہمیں ای میل کریں: foodandbeverage@fairfaxcounty.gov.

ایسے کاروبار کی اطلاع دینے کے لیے جو خوراک اورمشروبات پر ٹیکس کی تعمیل نہیں کر رہے، براہ کرم ہمیں ای میل کریں:

DTABusinessCompliance@fairfaxcounty.gov.

خوراک اور مشروبات پر ٹیکس کیا ہے؟

1 جنوری ,2026 سے مؤثر، فیرفیکس کاؤنٹی میں ریسٹورنٹ، کیٹرنگ سروسز، اور دیگر فوڈ اسٹیبلشمنٹس کی جانب سے فروخت کیے جانے والے کھانوں اور مشروبات پر 4 فیصد ٹیکس عائد کیا جائے گا

یہ ٹیکس صارف سے وصول کیا جائے گا اور فروخت کے وقت ہی وصول کر لیا جائے گا یہ ٹیکس ان تمام کھانوں اور مشروبات پر بشمول الکوحل والے مشروبات پر لاگو ہوگا جو کسی فوڈ اسٹیبلشمنٹ سے بطور کھانا فروخت کیے جائیں چاہے انہیں جہاں بھی استعمال کیا جائے۔

یہ ٹیکس کاروبار کی طرف سے جمع کیا جائے گا اور کاؤنٹی کو جمع کروانے تک بطور امانت ٹرسٹ میں اگلے مہینے کی 20 تاریخ تک رکھا جائے گا

قابل ٹیکس

- ریسٹورنٹ میں پیش کیے جانے والے گرم یا ٹھنڈے کھانے
- کنوینینس اور گروسری اسٹورز کے ڈیلکٹیسن کاؤنٹرز سے فراہم کیے جانے والے تیار شدہ کھانے
- میٹھے (ڈیزرٹس)، ملک شیک اور اسموڈی
- ریسٹورنٹ میں کھانے کے حصے کے طور پر فروخت کیے جانے والے الکوحل اور غیر الکوحل مشروبات۔

غیر قابل ٹیکس

- فیکٹری یا نان فیکٹری پیک شدہ مشروبات علیحدہ فروخت کیے جانے والے
- فیکٹری پیک شدہ کنٹینرز میں فروخت ہونے والے الکوحل مشروبات جو باہر لے جا کر استعمال کے لیے خریدے جائیں
- گروسری اشیاء
- پہلے سے پیک شدہ میٹھے اور اسنیک فوڈز علیحدہ فروخت ہونے والے
- ایسا کوئی بھی مجموعہ جو مکمل طور پر مشروبات، گروسری اشیاء اور/یا اسنیک فوڈز پر مشتمل ہو اور علیحدہ فروخت ہو
- وینڈنگ مشینز کے ذریعے فروخت ہونے والے کھانے اور مشروبات
- وہ غیر اختیاری ٹپ جو ریسٹورنٹ کی طرف سے فروخت کی قیمت میں شامل کی گئی ہو ٹپ فروخت کی قیمت کے 20٪ سے زیادہ نہ ہو
- انسانی استعمال کے لیے خریدے گئے وہ کھانے جو فوڈ اسٹیمپ ایکٹ 1977 کے تحت ”فوڈ“ کے طور پر شمار ہوتے ہیں، سوائے سینڈوچز، سیلڈ بار پہلے سے پیک شدہ سنگل سرونگ سیلڈز جو بنیادی طور پر سبزیوں پر مشتمل ہو

وہ ادارے جو فروخت کیے گئے کھانوں اور مشروبات پر ٹیکس جمع کرنے/ جمع کروانے کے ذمہ دار ہیں ان میں شامل ہو سکتے ہیں، لیکن ان تک محدود نہیں:

تفریحی پارک
بیکریاں
بارز اور شراب خانے
بلیئرڈ پارلرز
بولنگ الیز
بوفے
کیفے
کیفیٹیریاز
کیٹررز
کافی شاپس
کنسیشن اسٹالز
مٹھائی کی دکانیں
کنوینینس اسٹورز
ڈیلکٹیسن
ڈائننگ رومز
شراب کشی کے کارخانے اور وائن بنانے والے ادارے

کھانے پینے کی جگہیں اور کھانے کے مراکز
فوڈ ٹرک اور دیگر کھانے فروخت کرنے والے
ہیلتھ کلبز
ہاٹ ڈاگ اسٹالز اور ہتھ گاڑیاں
آئس کریم/ دہی کی دکانیں
لنچ رومز
موبائل فوڈ سروسز
سینما گھر
نائٹ کلبز
نجی اور سرکاری کلبز
ریسٹورنٹس
جلدی تیار ہونے والے کھانوں کی جگہیں
کھیل کے میدان
اسکیٹنگ رنکس
ٹیورنز

مزید یہ کہ درج ذیل مخصوص حد تک اس ٹیکس کے تحت آتے ہیں:

کالجز اور یونیورسٹیاں - صرف اس صورت میں جب طلبہ یا ملازمین کے علاوہ کسی اور کو فروخت کیے جائیں نہ کہ طلبہ / ملازمین کو

ہسپتال اور نرسنگ ہومز - صرف اس صورت میں جب ملازمین یا عام عوام کو فروخت کیے جائیں نہ کہ مریضوں / رہائشیوں کو۔